ایک بل

بمراد اس امر کے کہ صوبہ خیبر پختو نخوا کی ترویج و ترقیکے لئے پلانٹ بریڈرز کو مالکانہ حقوق دینے کے لئے فراہمی کی غر ض سے ۔

ہر گاکہ یہ امر قرین مصلحت ہے مختلف قسم کے نئے پودوں کی ترویج و ترقی بریڈرز کی مختلف قسم کے حقوق کے تحفظ اور اس سے منسلک یا ا س سے متعلقہ معا ملات کے لئے تشریحات بنانے کی ضرورت ہے ۔

لہذا مندرجہ ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے ۔

**باب ۔1**

**ابتدائیہ**

1_ **مختصر عنوان وسعت ،آغاز**: (1) جائز ہے کہ ایکٹ ہذا کو خیبر پختونخوا پلانٹ بریڈرز کے حقوق کا ایکٹ 2014ء کے نام سے مو سوم کیا جائے ۔

(2) یہ تمام صوبہ خیبر پختو نخوا پر وسعت پذیر ہو گا ۔

(3) یہ فی الفورانا فذاعمل ہو گا ۔

2_ **تعاریف**: ایکٹ ہذا میں تا وقتیکہ عنوان یا متن میں کوئی امر منافی نہ ہو ،

(الف) "بریڈرز" سے قدرتی یا قانونی فرد.،ایک ادارے،کاشکاروں کی کمیونٹی یا ایک تنظیم کے ہے جس نےنئی نسل کا پودا تیار یا دریافت کیا ہو ،تعارفی طور پر ،انتخاب کے عمل سے ،مخلوطیت کے ذریعے ،پھوٹنے کے عمل سے ،تنے کے قلم سے یا کسی بھی دوسرے تکنیکی ذریعے سے مراد ہے ،

(ب) "سرٹیفیکیٹ " سے پلا نٹ بریڈرز کے حقوق کا سرٹیفیکیٹ جو دفعہ 24 کے تحت جاری کردہ ہو مراد ہے ،

(ج) "ڈائریکٹر جنرل" سے محکمہ زرعی ریسرچ کا ڈائریکٹر جنرل مراد ہے ،

(د) "ڈائریکٹر " سے پلانٹ بریڈرز کے حقوق آفس کا ڈائریکٹر مراد ہے ،

(ہ) "بنیادی طور سے حاصل کی گئی قسم" سے محفوظ قسم کا ماخوذ قسم،جب کہ محفوظ خود بنیادی طور پر ایک حاصل کردہ قسم نہیں ہے ،جب کہ یہ تاثر کو برقرار رکھتی ہے جو ضروری خصوصیات sib mating,self pollination,cross pollination جامع نمونے کے لینے سے genotype یاgenotype کے مجموعے کے نتیجے میں ابتدائی نسل میں آئی ہو ۔بنیادی طور پر حاصل کردہ مختلف قسم کے نمونے اس طرح کے ہو نگے جیسا کہ قوانین میں بیان کیا گیا ہے مراد ہے ،

(و) "کسان" سے فصلوں کو کاشت کرنے والا یا تو خود زمین کاشت کر تا ہو یا کاشت کاری کے لئے ایک شخص کو بطور ملازم رکھتا ہو مراد ہے ،

(ز) "جنیاتی طور پر نظر ثانی شدہ حیاتیات " سے جنیاتی مواد جو جنیاتی انجنیئرنگ سے پیدا کیا گیا ہو جس میں انا ختی تکنیک یا کنٹرول تابکاری شامل ہو ماسوائے قدرتی میو ٹیشن کے جو نظر ثانی کر تا ہے ،دوبارہ جوڑتا ہے اور جین کی منتقلی کر تا ہے اس میں نو تشکیل شدہ (ڈی این اے )تکنیک

بھی شامل ہے جو نوع کے مابین جین کی منتقلی کر تا ہے جن میں فطری طور پر جین کے تبا دلے کا کوئی امکان نہیں ہو تا ۔اور ان مختلف قسم کے اقسام پر بھی لاگو ہو تا ہے جو ایک زندہ حیاتیات سے ماخوذ کی گئی ہو مراد ہے،

(ح) "حکومت " سےخیبر پختو نخوا کی حکومت مراد ہے ،

(ط) "مارکیٹنگ" میں تجارت پر اثر انداز ہونے والی لین دین جس میں پراپرٹی مواد ایک شخص سے دوسرے شخص کو منتقل ہو شامل ہے ۔پ

(ی) "پودوں کی قسم " سے حیاتیاتی ٹیکسون کے اندر پودوں کا ایک گروہ جو سب سے کم جا نا جاتاہو اس گرو بندی میں قطع نظر اس کے کہ پلانٹ بریڈرز کے حقوق کی شرائط کو مکمل طور پر دیکھا گیا ہے یا نہیں مراد ہے ،کر سکے گا ،

(1) اس تاثر کی وضاحت کی گئی ہو جو مخصوص جینو ٹا ئپ یا جینو ٹائپ کے مجموعے کی خصوصیات کے نتیجے میں ہو ،

(2) کسی بھی دوسرے پودوں کے جھنڈ سے مختلف ہو کم سے کم بیان کی گئی ایک خصوصیت میں ،اور

(3) اس مناسبت سے کہ پودوں کے جھنڈ کی افزائش نسل میں تبدیلی کئے بغیر ایک یونٹ کے طور پر سمجھا جائے ،

(ک) "محفوظ شدہ قسم " سے پودے کی قسم کے لئے حکومت سے سرٹیفیکیٹ جاری ہو اہومراد ہے ،

(ل) "صوبہ" سے صوبہ خیبر پختونخوا مراد ہے ،

(م) "قوانین" سے وہ قوانین جو ایکٹ ہذا کے تحت بنائے گئے ہو مراد ہے ،

(ن) "جانشین" سے ایک شخص جسے پلانٹ بریڈرز حقوق کو درخواست کرنے کا حق تفویض کیا گیا ہو مراد ہے ۔

3_ **پلانٹ بریڈرز کے حقوق کا دفتر**: (1) ڈایریکٹر جنرل محکمہ زرعی ریسرچ کی ذیلی شاخ کے طور پر حکومت پلا نٹ بریڈرز کے حقوق کے دفتر کے نام سے ایک دفتر کھولے جو فیڈ رل بیج سرٹیفیکشن اور رجسٹریشن دفتر کے ساتھ بیج، ایکٹ ہذا کے مقاصد کے لئے ایکٹ 1976ء(ایکٹ نمبر 30،1976ء) تعاون کرے ۔

(2) حکومت ایک ڈائریکٹر پلانٹ بریڈرز،حقوق مقرر کرے جو پلا نٹ بریڈرز،حقوق آفس کے اختیارات کو استعمال کرے ۔حکو مت پلا نٹ بریڈرز،حقوق کی مدد کے لئے افسروں اور دوسرے سٹاف کو بھی مقرر کرے جتنے ضروری ہو۔

4_ **پلا نٹ بریڈرز کے حقوق کے لئے گرانٹ کی درخواست**: (1) پلانٹ بریڈرز کے حقوق کےآفس میں سرٹیفیکیٹ کے لئے ایک درخواست مجوزہ طریقہ کار کے مطابق دائر کرے گی ۔

(2) پلانٹ بریڈرز کےحقوق کا آفس باقاعدگی سے ایک سر کاری گزٹ شائع کرے گاپلا نٹ بریڈرزکے حقوق جنرل کے نام سے جس میں نئے سرٹیفیکیٹ دینے ،نوٹس اور دوسری معلومات جو سرٹیفیکیٹ کے حصول کے حوالے سے ہو کے حوالے سے معلومات دے گی ۔

5_ **<u>پلانٹ بریڈرز کے حقوق کے لئے معیار</u>** : (1) مالک کو جنسی یا غیر جنسی طور پر پیدا کئے گئے پودوں کے حوالے سے ایک سند عطا کی جائے گی جو کہ ۔

(الف) نوول،

(ب) مختلف،

(ج) یکساں،

(د) قیام پذیر،اور

(ہ) قابل قبول مالیت ۔

(2) ایک پودے کی نسل کو اس قسم کا ہو نا چاہیے،_

(الف) نوول .اس فراہمی کے ساتھ ۔

(1) کہ وہ ایکٹ ہذا کے تحت سرٹیفیکیٹ کے لئے درخواست پر کرنے سے پہلے پا کستا ن میں ایک سال سے زیادہ کے لئے درخواست گزار کے معاہدے کے ساتھ پیش یا فروخت نہ کیا گیا ہو،اور

(2) ایکٹ ہذا کے تحت سرٹیفیکیٹ کے لئے درخواست پر کرنے سے پہلے بیرون ملک درخواست گزار کی جانب سے یا اس کی مرضی سے چھ سال سے زائد عرصے تک اور دوسرے پودوں کی صورت میں چار سال سے زائد عرصے تک یا انگور کے پودے کی صورت میں اسے فروخت یا پیش نہیں کیا گیا ہو ۔

(ب) **<u>مختلف</u>**، اگر یہ ایک یا ایک سے زیادہ طرح سے مختلف ہو صورتی لحاظ سے جسمانی ساخت میں یا کسی دوسری خصوصیت میں ،کسی بھی دوسرے قسم کے پودے سے جس کا ہونا عام علم میں ہو ،درخواست دینے کی تاریخ پر خاص طور پر جب پلا نٹ بریڈرز کے حقوق کے لئے درخواست جمع کی جا رہی ہو دوسرے اقسام یا کسی دوسرے قسم کے کسی بھی ملک میں دفتری رجسٹر میں اندراج کے لئےدرخواست کی تاریخ سے عمو می طور پر دیگر قسم کا پیش کرنا لازمی ہو گا۔

اس فراہمی کے ساتھ کہ جس سے درخواست پلانٹ بریڈرز کے حقوق کی طرف لے جاتا ہے یا جیسی بھی صورت ہو ،دوسری قسم کو حکومتی رجسٹری میں شامل کرتا ہے ۔

(ج) **<u>یکساں</u>**: جنسی یا غیر جنسی پیدائش کے مخصوص خصوصیات کی توقع اگر تبدیل سے مشروط ہو جو کافی طور پر یکساں ہو یہ کہ تبدیلی کو بیان کیا جا سکے اور کاروباری طور پر بھی قابل قبول ہو ۔

(د) **محکم**: اگر اس کے متعلقہ خصوصیات میں کوئی تبدیلی نہ آئے با وجود بار بار افزائش کے یا پھر مخصوص افزائش کی صورت میں ہر چکر کے احتتام پر۔
(ہ) **قابلِ قبول مالیت** : نسل کی جنسی عہدہ اور قسم کی فعال نشاندہی بھی کرنا ہو گی یہ گمرا ہ کرنے میں ذمہ دار نہیں ہو نا چاہیے،قیمت ،اقسام کی شناخت اور افزائش نسل کرنے والی کی شناخت کے بارے میں ذمہ دار نہیں ہو گا اور یہ کہ نہ تو قانون نہ عوامی نظام اور نہ اخلاقیات کےخلاف ہو ۔
6_ **اقسام جن پر ایکٹ ہذا لاگو ہے** : (1) ایکٹ ہذا تمام جنسی طور پر افزائش کئے گئے پودوں کے اقسام پر لاگو ہو گا سوائے ان پودوں کے جن میں ٹرمینیٹر جینز ہو یا کوئی دوسری مشابہہ ٹیکنالوجی یا مائیکرو حیاتیات ہو تا ہم ایکٹ ہذا کے تحت بیج کے صنعت کی ترقی کی خاطر حکومت وقتاً فوقتاً پرنسپل اور اقسام کومحفوظ بنانے کے بارے میں مطلع کر سکتی ہے جس طر ح سے فصل تیار کی گئی ہو چاہے کراس بریڈنگ،دوغلی نسل سے ،بائیو ٹکنالوجی سے ،تبدیلی کے عمل سے ،انتخاب سے یا کسی بھی دوسرے طریقے سے اس کے سرٹیفیکیٹ کے حصول کی اہلیت اور سر ٹیفیکیٹ کے عملی نفاذ پر اثر انداز نہ ہو
(2) پلانٹ بریڈرز کے حقوق کے لئے پودوں کی قسم کی اہلیت ان چیزوں سے مشروط ہے ۔
(الف) نشو نما کرنے والے سے بیان حلفی لینا کہ نسل محفوظ ہے اور انسانوں،پودوں یا جانوروں کی صحت پر اور عوام کی فلاح پر منفی اثر نہیں کرتی ،اور
(ب) متعلقہ حکام سے ایک سرٹیفیکیٹ پیش کرنا (GMOs)کے لئے کہ یہ نسل خاص ماحول کے لئے عوام ،پودوں اور جانوروں کی صحت کے لئے اور bio.diversity کے لئے مناسب نہیں ہے۔
7_ **اقسام کی جانچ کرنا** : جانچ کرنے سے نسل کا نیا پن متاثر نہیں ہو نا چاہیے جب تک جانچ سائنسی اور بہتری کے مقاصد کے لئے کی جائے۔ دفعہ ہذا کے مقصد میں مارکیٹ کی جانچ پڑتال کو شمار نہیں کیا جائے گا ۔

## باب -2

## پلا نٹ بریڈرز کے حقوق کے حقداران

8_ **پلا نٹ بریڈرز کے حقوق کے سرٹیفیکیٹ کے لئے حقدار ہونا**: (1) ایکٹ ہذا کے بیان کردہ قوانین کے مطابق نسل کے مالک یا اس کی جانشین سرٹیفیکیٹ کے حصول کے لئے حقدار ہونگے ۔
(2) نسل کا مالک یا اس کو دریافت کرنے والا یا اس کا جانشین بریڈر ہو گا ۔مالک ایک کوئی یا قانونی فرد ہو گا مگر پلا نٹ بریڈرز کے حقوق کے لئے درخواست گزار بھی قانونی فرد ہو گا جب کہ نسل کی نشو نما کرنے والے کا نام درخواست میں شامل ہونا چاہیے۔

(3) حکومتی سطح پر نشونما کرنے کی صورت میں پودے کی قسم کو ترقی دینے والےادارے کو ملکیت کا حق حاصل ہو گا ممکنہ ملکیتی ادارے اور نشونما کرنے والے اور اس کی ٹیم دونوں کوبلترتیب 70:30 کی شرح سے تقسیم کیا جائے گا -/70 حصہ حکومتی ادارے جب کہ /30 نشونما کرنے والے اور اس کی ٹیم کے ممبران کا جو کہ اناج ،پھل اور سبزیو ں کا ہو ۔

(4) نشونما کرنے والے کا نیک نیتی سے غلطی کا مرتکب ہونا اس کی درستگی کے لئے پلانٹ بریڈرز کے حقوق آفس کو درستگی کےلئے تحریری طور پر لکھنا ۔

9_ **<u>صوبائی جین فنڈ</u>**: ادارے کے /70حصے میں سے /20حق صوبائی جین میں جمع کیاجائے گاجیساکہ دفعہ 8کی ذیلی دفعہ (3)میں بیان کیا گیا ہے ۔یہ حق صوبائی سطح پر پودوں کی جنیاتی وسائل کو برقرار رکھنے کے لئے ہو گا ۔

10_ **<u>پلانٹ بریڈرز کے حقوق کے مستحق اشخاص</u>**: فصل کے مالک کی طرف سے سرٹیفیکیٹ کے حصول کے لئے درخواست جمع کی جائے گی جس میں مالک صوبے کا کوئی فرد ہو گا یا ایک قانونی فرد جس کا اندراج صوبہ خیبر پختونخوا میں ہو ۔

11_ **<u>مشترکہ بریڈرز</u>**: (1) جب دو یا دو سے زیادہ افراد نے فصل کی مشترکہ نشونما یا دریافت کی ہو جس کے لئے وہ تحفظ چاہتے ہوں تو انہیں مشترکہ بریڈرز نہ مانا جائے گا ۔مشترکہ بریڈرز میں سے ایک درخواست جمع کرے جس میں تمام بریڈرز کے نام ہوں ۔پلا نٹ بریڈرز کے حقوق کا ایک سرٹیفیکیٹ جاری کیا جائے گا تمام مشترکہ بریڈرز کے نام سے اور وہ تیس فیصد کے مستحق ہونگے جسے ان میں بر ابر تقسیم کیا جائے گا ۔

12_ **<u>نشونما کر نے والے کی موت یا نااہل ہونا</u>** : مرحوم اورقانونی طور سے نااہل بریڈرز کے قانونی نمائندے بھی سرٹیفیکیٹ کے حصول کے لئے درخواست دے سکتے ہیں اس فردکی جگہ ان ہی شرائط اور ضروریات کے تحت جیسا کہ دوسرے فصلوں کے مالکوں پر لاگو ہو۔

## **<u>با ب 3</u>**

## **<u>درخواست</u>**

13_ **<u>درخواست دائر کرنا</u>** : (1) سرٹیفیکیٹ کے حصول کے لئے ایک درخواست نسل کے مالک کی طرف سے دائر کی جائے گی جسے فصل کے لئے تحفظ درکار ہو یا جیسا کہ دفعہ 8کی ذیلی دفعہ (1) اور (2) میں قانونی طور پر مجاز نمائندے کے بارے میں بیان کیا گیا ہے ۔

(2) درخواست اردو یا انگریزی میں ہو اور مالک کی طرف سے دستخط شدہ ہو اور ساتھ فیس بھی ہو جس کے بارے میں وقتاًفوقتاً بیان کیا گیا ہے ۔

14_ **<u>درخواست کی ضروریات</u>** : سرٹیفیکیٹ کی درخواست کے لئے ضروری ہے کہ ۔

(الف) قسم کے لئے مناسب مالیت کا ہونا ،
(ب) جہاں تک ممکن ہو سکے ایک جامع وضاحت فصل کے بارے میں جس میں اس کا نیا پن،شرح اور نشو نما کی تاریخ بیان کی گئی ہو خاکہ اور تصویر تا کہ قسم کے نئے پن کو سمجھنے اور اندازہ لگا نے میں اسانی ہو۔
(ج) وضاحت ،خاکے اور تصاویر جو قسم کےاسی اناج کو دوسری اقسام سے وضع اور امتیازی خدوخال کو وضح کر سکے ۔
(د) مالک کا یہ تحریری بیان جس میں قسم کی مالکیت کا دعوی ہو یا دوسری ضروری وضاحتیں درخواست گزار کی جانب سے تا کہ درخواست جمع ہو سکے ۔
(ہ) درخواست گزار کا نام ،دستخط اور پتہ کا ہو نا اور نشو نما کرنے والے کا نام اور پتہ اگر درخواست گزار کا نہ ہو، اور
(ف) فارم میں قسم کے حوالے سے پلانٹ بریڈرز کے حقوق افس کی جانب سے ہدایت کردہ ایک مکمل تکنیکی سوالانامہ

15_ **<u>جمع کرنے کی تاریخ</u>**: ایک درخواست دائر کرنے کی تاریخ وہ تاریخ ہو گی جو دفعہ14کے پیراگراف (الف)تا (و)تک شرائط میں بیان کی گئی ہے اور جب مقر رہ فیس پلانٹ بریڈرزکے حقوق افس میں جمع کر دی جائے جو کہ ڈائریکٹر جنرل ریسرچ افس میں قائم ہو گا۔

16_ **<u>تفصیل</u>**: درخواست میں فصل کی تفصیل جیسا بیان ہوئی ہو اس کو درست یا اس میں اضافہ کیا جا سکے گا کسی بھی وقت چھ مہینے کے اندر اندر جیسا کہ فیس جمع ہو چکی ہو گی اس سوچ کے ساتھ کہ پہلی تفصیل نیک نیتی پر مبنی تھی ۔

17_ **<u>ترجیح کا حق</u>**: (1) دو یا دو سے زیادہ بریڈرز جب آزادانہ طور پر ایک ہی قسم کی نشونما کرے اور اس کی حفاظت کے لئے درخواست دے ایسی صورت میں پلانٹ بریڈرز کے حقوق اس فرد کو حقدار سمجھے گی جس نے سرٹیفیکیٹ کے لئے درخواست دی ہو ۔
(2) اگر ایک شخص بیرون ملک میں پودوں کی قسم سے متعلق سر ٹیفیکیٹ کی حصول کے لئے ایک در خواست وقت سے پہلے جمع کر تا ہے تو ایکٹ ہذا کے تحت پہلی درخواست کی تاریخ سے عر صہ بارہ مہینوں کے اندر اسی قسم کے لئے درخواست دائر کرنے کا حقدار ہو گا ، اگر پہلی درخواست کی تاریخ پر چھٹی کا دن ہو جس میں پلانٹ بریڈرز کے حقوق کا دفتر کاروبار کے لئے کھلا نہ ہو ، تو پلانٹ بریڈرز کے حقوق کے دفتر میں درخواست کی وصولی پہلے دن کے اوقات کار کے ختم ہونے کے وقت تک ختم متصور ہو گی۔
(3) ترجیح کے حق کا اثر اس تاریخ سے لاگو ہو گا جس تاریخ سے ایکٹ ہذا کے تحت پلانٹ بریڈرز اس کے حقوق کے لئے درخواست دی ہو۔

(18) **درخواست کی خفیہ حیثیت** : (1) پلانٹ بریڈرز کے حقوق افس کی جانب سے سرٹیفیکیٹ کی درخواست کےمخصوص مندرجات کو خفیہ رکھا جائے گا ۔
(2) کسی بھی فرد کو درخواست کے مخصوص مند رجات کی راز داری کی چھوٹ حاصل نہیں سوائے اس حالت کے جس میں سرٹیفیکیٹ ہو لڈرز کی رضا مندی حاصل ہو ۔
(3) کسی دیگر نافذالوقت کے باوجود ذیلی دفعہ (1)میں جو بھی حکومت ایسی درخواست کو یا اس کے کسی حصے کو شائع کر سکتی ہے اگر عوام کی خواہش ہو ایسے طریقے سے جیسا کہ بیان کیا گیا ہے۔
19_ **مقرر کرنا اور تبادلہ** : (1) سرٹیفیکیٹ کی اجراء کے لئے درخواست اور سرٹیفیکیٹ کا حصول ذاتی ملکیت تصور کیا جائے گا سرٹیفیکیٹ ہولڈرز کا تبادلہ اور تقرری اس کی رضا مندی سے ہو گا ۔
(2) ہر ایک کام پلانٹ بریڈرز کےحقوق رکھنے والے دفتر میں درج کر نا ہو گا کسی تفویض کردہ کام کا تیسری پارٹی کیخلاف کوئی اثر نہیں ہو گا جب تک اس کو درج نہ کیا جائے ۔
(3) پلانٹ بریڈرز کےحقوق کا دفتر مندرج شدہ تفویض کردہ مجوزہ قواعد کے مطابق عوام الناس کی معلومات کے لئے شائع کرے گا ۔

## باب ‎-4‎

## درخواستوں کا جائزہ

20_ **درخواستوں کا جائزہ**: پودے پیدا کرنے کے حقوق رکھنے والا دفتر تمام درخواستوں کا جائزہ لے گا ان شرائط و ضوابط کی روشنی میں جو اس مقصد کے لئے بنائے گئے ہیں یہ جائزہ امیدوار کے کثیرالجہتی کی تصدیق کریگا اور ضروریات کو پورا کرنے یا نہ کرنے کا تعین کریگا ۔
21_ **سر ٹیفیکیٹ دینے سے انکار کرنا** : (1) جب بھی کوئی درخواست رد کر دی جائے یا اس پر ممتحن کوئی اعتراض کرے ،ایسے میں پلانٹ بریڈرز کے حقوق رکھنے والا دفتر درخواست گزار کو مطلع کرے گا ،انکار کی وجوہات بیان کرنے کے ساتھ ایسی معلومات اور حوالے دے گا جو درخواست میں ترمیم یا بغیر ترمیم درخواست کی معقولیت کےمسلسل عمل کے لئے مفید ہو گا ۔
(2) پودے پیدا کرنے کے حقوق والے دفتر سے انکار کی رسید ملنے کے بعد درخواست گزار کو مناسب اقدامات کے لئے چھ ماہ کا وقت دیا جائےگا تاکہ وہ اپنی درخواست دوبارہ جمع کر سکے ۔
22_ **اقسام کا جانچنا** : دفعہ 21 کے تحت ان مختلف انواع کی خصوصیات جاننے کے لئے جائزہ لیا جائے گا پہلے ان سائنسی معلومات اور مواد کی بنیادپر جو کہ درخواست گزار کی طرف سے مہیا کی گئی ہو ۔حکومت اس کے متعلق قوانین وضع کرے گی ۔
(الف) معلومات اور مواد کی فطرت جو کہ مہیا کی جائے گی ،

(ب) مقابلوں کا انعقاد اور معائنہ صوبائی اور قومی سطح پر پلانٹ بریڈرز والے دفتر کی نگرانی اور توسط سے کیا جائے گا ،
(ج) معلوماتی جائزے کےمقصد کے لئے قبولیت اور وہ مواد جوکہ صوبے کے اندر یا باہر کسی محکمانی ذرائع سے وصول کئے گئے ہوں ۔
23_ **اقسام کے قائم رکھنے کا عمل**: پلا نٹ بریڈرز کے حقوق رکھنے والا ،
(الف) پودوں کی اقسام کو قائم رکھنے کو یقینی بنایا جائے گا یا اس کے موروثی اجزا کو تمام مدت کے لئے یا اس وقت تک جب تک اس قسم کے بونے پر پابندی عائد ہو ،اور
(ب) پلانٹ بریڈرز کے حقوق رکھنے والے دفتر یا اسی دفتر کی طرف سے مقرر کردہ ایجنسی کو مقرر مدت کے اندر وہ معلومات ،دستاویزی شہادت یا ایسے مواد جو کہ اقسام کے قائم رکھنے کی تصدیق کرتے ہوں مہیا کیا جائگا ۔

## باب -5
## پلانٹ بریڈرز کے حقوق کا سرٹیفیکیٹ

24_ **سرٹیفیکیٹ کا اجراء**: سرٹیفیکیٹ حکومت خیبر پختو نخوا کے نام پر جاری کیا جائے گا جس پر زرعی تحقیق کے ڈائریکٹر جنرل اور سیکریٹری زراعت کے دستخط ہونگے ۔پلانٹ بریڈرز کے حقوق رکھنے والے دفتر میں محفوظ کیا جائے گا اور عام کا م کے اوقات میں عوالناس کو اس تک رسائی دی جائے گی ۔سرٹیفیکیٹ کے اجراء کا نوٹس دفتری جریدے میں شائع کیا جائے گا ،سرٹیفیکیٹ کے ساتھ محفوظ کئے گئے پودوں کی اقسام کاصحیح بیان نتھی کیا جائے گا ۔
25_ **سالانہ فیس**: پلانٹ بریڈرز کے حقوق کو منظم رکھنے کے لئے سرٹیفیکیٹ رکھنے والا حکومت کی طرف سے مقرر کردہ فیس ادا کریگا ۔مقرر فیس بر یڈرز کے تیس فیصد حق ملکیت سے منہا کر دی جائے گی جو کہ دفعہ 8کی ذیلی دفعہ (3)میں بیان کی گئی ہے ۔
26_ **پلانٹ بریڈرز کے حقوق**: مالک یا پلانٹ بریڈرز کےمختلف انواع اقسام کی مد میں مندرجہ ذیل حقوق ہونگے ،یعنی
(الف) محفوظ کردہ قسم کی افزائشی اشیاء یا سبزے کو وسعت دینے والے اشیاء کا صوبے کے اندر بھیچنا یا ان کو بھیچنے اور اشاعتی مقصد کے لئے پیش کرنا،
(ب) محفوظ کئے اقسام کی نقل یا سبزہ اگانے والی اشیاءکی صوبے میں درآمد یا برآمد،
(ج) سبزہ اگانے والے اقسام کی بڑھوتری یا حفاظت ،
(د) محفوظ کردہ اقسام کی نئی اقسام پید اکرنے کا استعمال ،
(ہ) کوئی بھی عمل کرنے کی صورت میں شق(الف)،(ب)،(ج)اور (د)میں بیان کردہ کسی ضروری اخذکردہ قسم،اس صورت میں محفوظ کردہ قسم بذات خود کسی ضروری اخذکردہ قسم کی صورت نہ ہو ،اور

(و) شق (الف)،(ب)،(ج)اور(د)میں بتائے گئے اصول کی ترویج واشاعت کرنا ۔
27_ **عارضی تحفظ**: درخواست کے پر کرنے اور درخواست کے فراہم کرنے کے عرصے میں سرٹیفیکیٹ کے مالک کو مناسب اجرت دی جائےگی اس فرد کی طرح جس نے مقرر کردہ مدت میں تمام کام کئیےہوجو کہ مالک کے صوابدیدپر ہو گا کہ دوسروں کو نکالے ایکٹ ہذا کی دفعہ 26 کےتحت جب ایک مرتبہ سرٹیفیکیٹ مہیا کیا جائے ۔
28_ **سرٹیفیکیٹ کی مدت** : سرٹیفیکیٹ کی مدت دفعہ 23کی رو سے درختوں اور انگور کی بیلوں کے لئے پچیس سال ہو گی جب کہ دیگر تمام پودوں کے صورت میں بیس سال ہو گی جس دن سے سرٹیفیکیٹ مہیا کیا گیا ہو ۔پودوں جیسا کہ درختوں اور انگور کی بیلوں کے لئے اس مدت میں توسیع کی جائے گی جو کہ پانچ سال کے عرصے سے زیادہ نہ ہو گی ۔تا ہم دوسرے تمام پودوں کی صورت میں توسیع کردہ وقت تین سال تک محدود ہو گا ۔
29_ **مختلف اقسام میں عوام کی دلچسپی**: (1) کوئی بھی فرد درخواست کی صورت میں جو کہ حکومت کے پاس درج ہو ،کسی محفوظ کردہ قسم کے لئے ضروری سرٹیفیکیٹ کے اجراء کی درخواست کر سکے گا ۔
(2) لازمی لائسنس اپنے مالک کو ایکٹ ہذا کی دفعہ 26 میں بیان کئے گئے تمام کام یا کوئی بھی کام کرنے کی آزادی عطا کر یگا ۔اگر پارٹیاں یا گرہ اپنے درمیان معقول حق تالیف پر راضی نہ ہو سکے تو پلا نٹ بریڈرز کا دفتر ان کے درمیان حق تالیف مقرر کر سکے گا ۔مارکیٹ کی ضرورت پورا کرنے کے لئے حکومت کسی بھی لازمی سرٹیفیکیٹ رکھنے والے کی خدمات سے استفادہ کرے گی۔
(3) لازمی سرٹیفیکیٹ تب تک مہیا نہیں کیا جائے گا جب تک مندرجہ ذیل شرائط پوری نہ کی گئی ہو۔
(الف) لا زمی لائسنس کا درخواست گزار ایسی حالت میں ہو نا چاہیے کہ وہ معاشی اور کاروباری لحاظ سے لائسنس شدہ اقسام کی صحیح طریقے سے استعمال کر سکے
(ب) لائسنس کا مالک درخواست گزار کو عوام الناس کی ضروریات پورا کرنے کے لئے کسی بھی محفوظ کردہ قسم کو پیدا کرنے کے لئے لازمی لا ئسنس کے اجراءسے انکار کر چکا ہو ۔
(ج) لائسنس کے اجرا ء میں اور لازمی لائسنس کے حصول کے لئے درخواست دینے کے درمیان تین سال کا عرصہ بیت چکا ہو ،اور
(د) محفوظ کردہ قسم کی ضروریات پاکستان کے اندر صحیح طریقے سے پوری کی گئی ہوں ۔
(4) لازمی لائسنس پانچ سال کی مدت کے لئے جاری کیا جائے گا اور حکومت اس کو کسی بھی وقت منسوخ کر سکے گی۔

(5) کسی بھی اخذ کردہ قسم کی ذیلی دفعہ (1)،(2)،(3)اور (4)میں بیان کئے گئے احکامات کی روشنی میں لازمی تکمیل۔
اس فراہمی کے ساتھ کہ محفوظ کردہ قسم بذات خود لازمی اخذ کردہ قسم نہ، ہو
(6) ذیلی دفعات (1)،(2)،(3)اور (4)میں بتائے گئےاصولوں کی ترویج و اشاعت کرنا۔

30_ **کسانوں کا استثناء**: کسی دیگر نافذالوقت ایکٹ میں بیان کئ گئی تمام چیزیں کسان کی روایتی حفاظت ،استعمال ،تبدیل کرنے ،شراکت داری کرنے یا اپنے کھیت کے کسی محفوظ کردہ قسم کے بھیجنے کے حقوق کو متاثر نہیں کرے گا،ما سوائے اس صورت میں جب فروخت کسی مارکیٹ کے مارکہ کے دوبارہ افزائش کے لئے ہو ۔

31_ **سائنسی تحقیق کے لئے استثناء**: اپنے مالک کی اجازت کے بغیر کسی محفوظ کردہ قسم ،دوغلے پودے یا ابائی اشیاء کا پودے جننے کے لئے یا کسی دوسرے مخلص سائنسی تحقیق کے لئے استعمال ایکٹ ہذا کی دفعہ 26کے تحت قانون سے تجاوز کرنے کا مرتکب تصور نہیں کیا جائے گا جب اسی کو دوغلے پودے کی کاروباری پیداوار کے لئے استعمال نہ کیا جائے

32_ **سرٹیفیکیٹ کے مالک کے حقوق کا احتتام**: ما لک کسی بھی محفوظ کردہ قسم یا ضروری طور پر اخذ کردہ قسم کے مالک کی مرضی یا بذات خود مالک اس کی مارکیٹ میں ترویج و اشاعت یا بھیجنے صوبے میں کہیں بھی ،ان حقوق کا علمبردار نہیں ہو گا جب تک مندرجہ ذیل صورت حال نہ ہو ۔
(الف) اقسام کی مزید ترویج و اشاعت،اور
(ب) کسی قسم کی بر آمد جو کہ قسم کی اشاعت کو ممکن بناتاہے ایسے صوبے میں جو کہ پودوں کی مشترکہ خصوصیات والے طبقے یا گروہ ،جس سے قسم کا تعلق ہو ،کی حفاظت نہیں کرتے ہوں ماسوائے اس کے جب برآمدی اشیاء ختمی استعمال کے لئے ہو ،

**وضاحت** : اشیاء سے کوئی قسم ،دوغلا پودا،یا آبائی اشیاء مراد ہے ،
(الف) کسی بھی قسم کی شیاءکی ترویج کرنا،اور
(ب) کاٹے گئے اشیاء بشمول مکمل پودوں کے یا پودوں کے کچھ حصوں کے ۔

33_ **قانون سے تجاوز کرنے کا تدارک**: کسی بھی محفوظ کردہ قسم کا حقوق یافتہ پلا نٹ بریڈرز کی حق تلافی کی صورت میں متعلقہ عدالت میں مقدمہ دائر کر سکے گا ۔

34_ **عدالتی احکامات ،نقصانات اور وکیل**: مجاز عدالت جس کے احکامات مقدمہ دائر کرنے والے سرٹیفیکیٹ یافتہ کے حق میں ہو ،تو عدالت فیصلہ متعلقہ فرد کی داد رسی کا حکم دے گی ،عدالت ان کے خلاف کوئی بھی حکم کر سکے گی جن کے خلاف مقدمہ دائر کیا گیا ہو تا کہ مستقبل میں قانون کی خلاف ورزی کو

روکا جاسکے ۔ہر ایک مقدمے میں عدالت مالک کے نقصان کا ازالہ کرے گی یا کم از کم نقصان کو پورا کرے گی جو کہ مالک برداشت کر چکا ہو،شدید معاملات کی صورت میں عدالت نقصانات ،وکیل کے اخراجات یا دونوں کو متعلقہ فریق کو دے سکے گی ۔

35_ **خلاف ورزی مقدمے کی معیاد ،خلاف ورزی قانون کا نوٹس** : (1) سرٹیفیکیٹ سے تجاوز کرنے کی تاریخ سے لے کر تین سال تک سرٹیفیکیٹ کی خلاف ورزی سے متعلق کوئی مقدمہ نہیں چلایا جا سکے گا ۔

(2) پلانٹ بریڈرز کے حقوق کی خلاف ورزی کرنے والے کے خلاف ان اقدامات کی صورت میں نقصانات کا تخمینہ نہیں لگا یا جا سکے گا جو کہ انہوں نے کسی نوٹس کے موصول ہونے سے پہلے کئے ہوں کہ متعلقہ قسم یا دوغلا پودہ یا آبائی پودہ ایک محفوظ کردہ پودے کی قسم ہے ،تعمیراتی نوٹس محفوظ کردہ قسم کے کنٹینر پر نشان لگانے کی صورت میں دیا جائے گا یا کسی بھی دوسری آسانی سے نظر آنے والی نشانی کی صورت میں جو کہ ظاہر کرے کہ متعلقہ قسم یا دوغلا پودہ یا آبائی پودہ محفوظ کردہ ہے ۔

## باب-6
## متفرق

36_ **غیر رہائشی سرٹیفیکیٹ کے مالکان** : سرٹیفیکیٹ کا مالک جو کہ صوبے میں رہائش پذیر نہ ہو ایسے کسی قانونی فرد کے نام اور پتہ کو تحریر کرے گا جس پر اس کو عدالتی اور دیگر احکامات ارسال کئیے جا ئیں گے ۔

37_ **پلانٹ بریڈرز کے حقوق رکھنے والے کے سرٹیفیکیٹ کی منسوخی** : (1) سرٹیفیکیٹ رکھنے والے کے حقوق متعلقہ مدت کے پورا ہونے پر ختم ہو جائیں گے جو کہ ایکٹ ہذا کی دفعہ 28میں موجود ہیں ۔

(2) پلانٹ بریڈرز کے حقوق رکھنے والا دفتر مقررہ مدت کے اندرکسی بھی وقت سرٹیفیکیٹ منسوخ کر سکے گا اگر یہ معلوم ہو جائے کہ۔

(الف) متعلقہ درخواست میں دی گئی معلومات غلط ہو ،

(ب) درخواست پر کرتے وقت متعلقہ نئی قسم،صاف ،یکساں یا مستحکم نہ ہو جو کہ ایکٹ ہذ اکی دفعہ5 کے تحت ضروری ہے ،

(ج) مالک مقرر کردہ عرصے کے دوران فیس جمع کرنے میں ناکام ہو چکا ہو جو کہ پلانٹ بریڈرز کے حقوق کے منظم رکھنے کے لئے ادا کرنی ہو تی ہے ،

(د) درخواست گزار قسم کا متبا دل درجہ فراہم کرنے میں ناکام ہو گیا ہو جو کہ حفاظت کا پہلا مقصد ہے ۔اس صورت میں کہ پہلے فراہم کردہ درجہ اس قسم کا جو کہ پلا نٹ بریڈرز کے حقوق رکھنے والے دفتر کو مہیا کی گئی ہو ایکٹ ہذا کے تحت اس کی حفاظت کرنے کی اجازت نہ ہو ،اور

(ہ) منظور کردہ قسم ماحول ،ماحولیات ،عوامی اور جانوروں کی صحت کے لئے مضر ثابت ہو ۔

(3) پلا نٹ بریڈرز کے حقوق رکھنے والا دفتر سرٹیفیکیٹ منسوخ کرے گا اگر مالک پلا نٹ بریڈرز کے حقوق رکھنے والے دفتر کو افزائشی یا ترویجی اشیاء جو کہ کسی محفوظ کردہ قسم کو شکلیاتی اور عضو یاتی خصوصیات کے ساتھ پیدا کرنے کے قابل ہوں مہیا کرنے میں ناکام ہو جائے ۔یہ خصوصیات تحفظ کی اجازت جاری کرتے وقت خصوصی طور پر بیان کئیے گئے تھے۔

(4) سرٹیفیکیٹ منسوخ کرنے سے قبل پلا نٹ بریڈرز کے حقوق رکھنے والا دفتر مالک کو اپنے ارادے سے اگاہ کرنے کے لئے تحریری نوٹس دے گا ۔مالک نوٹس کےاجراء کے ایک ماہ کے اندر معقول وجہ دے گا ۔

38_ **محفوظ اور مختلف قسم بھیجنے والے کی ضمانت**: محفوظ کردہ قسم کے بھیجنے والی قسم کے اعلی ہونے اور عیب سے پاک ہونے کے لئے ضمانتی تصور کیا جائے گا جب تک بھیجنے والا بذات خود یا بھیجے والے کی طرف سے کوئی ناموافق طاہر نہ کی گئی ہو اور یا قسم یا اس کی افزائشی اشیاء کےبھیجنے کے وقت بتایا گیا ہو اور خریدار اس کو قبول کر لے ۔

39_ **اپیلیں**: کوئی بھی سرٹیفیکیٹ رکھنے والا اگر پلا نٹ بریڈرز کے حقوق رکھنے والے دفتر کے فیصلے سے متفق نہ ہو یا سرٹیفیکیٹ کی تنسیخ کے فیصلےسے متاثر ہو توپلا نٹ بریڈرز کے حقوق والے دفتر کی طرف سے دئیے گئے نوٹس کے 90 دونوں کے اندر اندر مجاز عدالت میں اپیل دائر کر سکے گا ۔

40_ **مشاورتی کمیٹی**: (1) حکومت ایک کمیٹی تشکیل دے گی جو کہ پلانٹ بریڈرز رائٹ کمیٹی کہلائے گی جو کہ مندرجہ ذیل فرائض سر انجام دے گی۔

(الف) ایسے اقدامات کا تعین کرے گی جو کہ صوبے میں بیج کی صنعت کو فروغ دینے کی حوصلہ افزائی کرےگی ،

(ب) پلانٹ بریڈرز کے حقوق رکھنے والے دفتر کو ضروری لائسنس کے اجراء یا تنسیخ سے متعلق یا سرٹیفیکیٹ کے اجراء یا منسوخی سے متعلق مشورہ دے سکے گی،

(ج) ایکٹ ہذا سے متعلقہ دیگر معاملات پر مشورہ دے سکے گی ،اور

(د) کمیٹی کم از کم اسال میں ایک مرتبہ اجلاس کرے گی اور اپنی رپورٹ حکومتی ،سیکرٹری ،زراعت ،لائیو سٹاک اور متعلقہ شعبے کو دے گی ۔

(2) **مشاورتی کمیٹی کی رکنیت**: مشا ورتی کمیٹی مندرجہ ذیل پر مشتمل ہو گی ۔

(1) سیکرٹری یا ایڈیشنل سیکر ٹری ،گورنمنٹ محکمہ زراعت۔لائیو سٹاکا اور کاپریٹیو ، چیئر مین

(2) ڈائریکٹر جنرل،وفاقی بیج سرٹیفیکیٹ کے اجراء اور اندراج کا محکمہ ، رکن

(3) قانون ،پارلیمانی امور اور انسانی حقوق کے شعبے کا نمائندہ، رکن

(4) زراعت ،لائیو سٹاک اور کوپریٹیو کا چیف پلاننگ افسر،
رکن
(5) زرعی تحقیقاتی نظام کا ڈائریکٹر جنرل، رکن
(6) زرعی توسیع کا ڈائریکٹر جنرل، رکن
(7) جوہری محکمہ خوراک اور زراعت (این ائی ایف اے ) رکن
کا ڈائریکٹر جنرل،
(8) زرعی یو نیورسٹی پشا ور کے پلانٹ بریڈرز اور جنیاتی محکمے
رکن
کا چیئر مین،
(9) منصوبہ بندی اور ترقی کے محکمے کا نمائندہ ،
رکن
(10) نجی بیج کے شعبے کا ایک نمائندہ،
رکن
(11) پلانٹ بریڈرز کے حقوق رکھنے والے دفتر کا ایک نمائندہ،
رکن

41_ **حق تالیف**: حق تالیف صنعتی بنیاد پر مخصوص قسم کے فصلوں،پھلوں سبزیوںاور آرائشی جو کہ ایکٹ ہذا اور اس کے تحت بنائے گئے قواعد کی روشنی میں محفوظ کئے گئے ہیں کے بیج پیدا کرنے پر وصول کیا جائے گا ۔

42_ **قانون کا اطلاق**: ایکٹ ہذا کی تشریحات غیر سرکاری محکموں پر من وعن لاگو ہوں گے جوکہ نئے پودوں کے اقسام کی ترویج اور ترقی سے متعلق ہوں ۔

43_ **اشتثنی**: ایکٹ ہذا کےتحت بنائےگئے قواعد کی روشنی میں پلا نٹ بریڈرز کے حقوق رکھنے والے دفتر کے خلاف کسی بھی کام کےسلسلے میں جو انہوں نے نیک نیتی سے کیا ہو مقدمہ ،قانونی چارہ جوئی یا دیگر قانونی چارہ جو ئی نہیں کی جائے گی

44_ **قواعد بنانے کا اختیار** : ایکٹ ہذا کے مقاصد کو پورا کرنے کے لئے حکومت قواعد بنا سکے گی ۔

45_ **مشکلات کا ازالہ** : اگر ایکٹ ہذا کی کسی تشریح کو لاگو کرنے میں کوئی مشکل پیش آئے تو حکومت کوئی بھی حکم جو ایکٹ ہذا کی تشریحات سے متصادم نہ ہو جاری کر سکے گی جو کہ مشکل کو حل کرنے کے لئے ضروری ہو ۔

## بیان اغراض ووجوه

مستحسن ہے کہ اسلامی جمہوریہ پاکستان کی اٹھارویں ترمیمی آئین کے تناظر میں صوبائی زرعی محکمہ کو تفویض شدہ فرائض کے ڈھانپنے اور خیبر

پختونخوا میں پلانٹ بریڈرز کے حقوق یقینی بنانے کے لئے ایک نیا قانون  بنایا جائے ۔لہذا بل ہذا پیش کیا جاتا ہے ۔